# 85441-ڈش، کمپیوٹر، گاڑی، اور ٹیلی ویژن میں استعمال کردہ الیکٹرانک سرکٹ تیار کرنے کا حکم

## سوال

میں ایک الکٹرانک کمپنی میں کام کرتا ہوں جو(Microelectronic) اشیاء تیار کرتی ہے، اور یہ کمپنی چپ سسٹم (SystemonChip) تیار کرتی ہے جو مختلف اشیاء مثلاً ٹیلی ویژن، کمپیوٹر، موبائل ٹیلی فون، ہوائی جہاز، گاڑي، ڈش.... وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے، اوراسی طرح ہمیں کمپنی میں مرد وعورت کے اختلاط کی مشکل بھی درپیش ہے ہمارے ملک کی کمپنیوں میں جس کے بغیر کوئی چارہ ہی نہیں، لیکن الحمدللہ میرے سب ساتھی نیک اور دین کا خیال رکھتے اور ایک دوسرے کوحق کی تلقین کرتے رہتے ہیں، میرا سوال یہ ہے کہ:
کیا میری کمائی حلال ہے، برائے مہربانی مجھے کوئی وعظ و نصیحت فرمائیں؟

## پسندیدہ جواب

اول:

ہماری اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ سب کی مدد فرمائے اور آپ کو توفیق سے نوازے، اور آپ کو ثابت قدمی عطا کرے، ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ آپ ایک دوسرے کو نیکی و بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مزید اور زیادہ معاونت جاری رکھیں، اور خیر و بھلائی کو عام کرنے کی کوشش کریں، اور مختلف قسم کے موجود وسائل کو استعمال کرتے ہوئے خیر کی دعوت دیں.

دوم:

مرد وعورت کے اختلاط والی جگہ کام کرنے میں بہت سی خرابیاں اور نقصانات ہیں جو کسی پر بھی مخفی نہیں، لیکن جو اس میں مبتلا ہو اوراس کے بغیر کوئی چارہ نہ ہو اور کوئی اور بھی کام نہ ملے تو اسے اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتے ہوئے نظریں نیچی رکھ کر ان نقصانات اور خرابیوں سے بچنا چاہیے، اور خلوت اور مصافحہ اور ہاتھ ملانے سے اجتناب کرے، اوراسی طرح وہ فتنہ و شر کے اسباب سے بھی دور رہے، اوراسے کوئی اور کام تلاش کرنے کی جدوجہد کرنی چاہیے، جو اس کے دین کو بھی محفوظ رکھے، اوراس کے دل کو بھی، چاہے اس کی تنخواہ پہلے سے کم ہی کیوں نہ ہو.

کیونکہ دین کی حفاظت جان اورمال پر مقدم ہے، مزید تفصیل معلوم کرنے کے لیے آپ سوال نمبر (50398) کے جواب کا مطالعہ کریں.

سوم:

اگر تو کمپنی کئی قسم کے سسٹم تیار کرتی ہے جن میں کچھ کمپیوٹر اور کچھ ہوائی جہازوں، اور کچھ ٹیلی ویژن اور ڈش ...الخ وغیرہ میں استعمال ہوتے ہیں تو آپ ٹیلی ویژن اور ڈش والے سسٹم تیار کرنے سے اجتناب کریں؛ کیونکہ غالبا یہ دونوں اشیاء معصیت و نافرمانی میں استعمال ہوتے ہیں، جو کہ نظر اور سماعت دونوں میں ہی ہے.

اور ہر وہ چیز جس کا غالب استعمال معصیت و نافرمانی میں ہوتا ہو اس پر معاونت کرنی جائز نہیں، نہ تو اسے بنا کر، اور نہ ہی اس کی مرمت کر کے، یا فٹ کر کے، یا پھر فروخت کر کے معاونت کرنا جائز نہیں، لیکن صرف اس شخص کی اس میں معاونت ہو سکتی ہے جس کے متعلق یہ علم ہو کہ وہ اسے نافرمانی میں استعمال نہیں کریگا.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (39744) کے جواب کا مطالعہ کریں.

اوراگرتیارکردہ سسٹم ان سب اشیاء ( ٹیلی ویزن ، کمپیوٹر، گاڑي وغیرہ ) میں استعمال کرنا ممکن ہو توپھراس کی تیاری اورملازمت کرنے میں کوئی حرج نہیں ، کیونکہ اس پر مباح کاغلبہ ہے .

واللہ اعلم .